**PRESS RELEASE**

For immediate release

April 23, 2026

# Pakistan's Capital Market Shows Resilience Despite Global Shock, War Fallout: SECP

**ISLAMABAD, April 23:** Pakistan's capital market remained resilient in Q3 FY2026 despite a difficult global backdrop shaped by the US-Iran war, rising oil prices, higher freight and insurance costs, and broad risk-off sentiment.The SECP has issued a Quarterly Market Review for Q3 FY2025–26, covering equity market performance, investor activity, debt markets, macro trends, global factors, and key reforms. The report said the conflict pushed Brent crude up by 10–13% in the early days of the war. US software stocks declined about 23%. The S&P 500 fell 4.3%, MSCI Europe ex-UK dropped 3.2%, MSCI Asia slipped 1.1%, and MSCI Emerging Markets eased 0.1%. Against this backdrop, Pakistan's KSE-100 declined 14.54% during the quarter. Despite this, strong domestic investors participation, continued primary market activity, and regulatory reforms helped sustain market confidence.

The KSE-100 started the quarter at 174,054 points. It reached an all-time high of 191,033 on January 26. It then closed at 148,743 on March 31. The intra-quarter low was 144,119 on March 19, showing a peak-to-trough decline of 22.57%. The KSE All Share index fell 14.85%, while the KSE-30 declined 15.52%. January remained strong, with the KSE-100 gaining 5.81%. Sentiment weakened in February due to rising costs, geopolitical risks, and profit-taking, leading to a 3.75% decline. The correction deepened in March, with the index falling 11.50%.

Despite the decline, market activity remained strong. Market capitalisation fell from PKR 19.69 trillion to PKR 16.53 trillion, a drop of PKR 3.15 trillion. Total traded volume stood at 48.8 billion shares, while traded value reached PKR 2.68 trillion. Average daily volume was 791.7 million shares and average daily value was PKR 44.03 billion. Around 485 symbols remained active per session, indicating broad participation. Domestic investors played a key stabilising role. Foreign investors recorded net outflows of PKR 111.61 billion. Foreign corporates alone sold PKR 117.07 billion. Local institutional and retail investors absorbed this entirely, with net buying of PKR 111.55 billion. Companies led with PKR 73.51 billion in purchases, followed by mutual funds at PKR 23.78 billion and individuals at PKR 20.25 billion.

Trading remained concentrated in blue-chip stocks. National Bank of Pakistan led with PKR 182.42 billion in traded value. It was followed by Pakistan Petroleum, OGDC, Fauji Fertilizer, and Habib Bank. By volume, K-Electric led with 4.64 billion shares, followed by Bank of Punjab and WorldCall Telecom.

Primary market activity continued. SECP approved three IPOs during the quarter, reflecting sustained confidence in capital markets. On the debt side, three GoP Ijara Sukuk auctions were held with a target of PKR 800 billion. Bids reached PKR 2.03 trillion, with a bid-to-cover ratio of 2.54 times. The government accepted PKR 811.53 billion.

Secondary debt market activity also remained strong. GoP Ijara Sukuk worth PKR 185.14 billion were traded in 2,062 transactions. Trading on the PSX bills and bonds counter reached PKR 260.94 billion. Two privately placed corporate sukuk were also listed during the quarter.

The SECP said the quarter was exceptionally challenging. However, the market showed durability under stress. Strong participation by domestic institutional and retail investors, active debt markets, IPO activity, and regulatory reforms supported stability.

These factors indicate improving fundamentals and support long-term growth and investor confidence in Pakistan’s capital market.

**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)**

**PRESS RELEASE**

For immediate release

April 23, 2026

# عالمی بحران کے باوجود پاکستان اسٹاک مارکیٹ مستحکم رہی: ایس ای سی پی

اسلام آباد: پاکستان کیپٹل مارکیٹ نے مالی سال 2026 کی تیسری سہ ماہی میں مشکل عالمی حالات کے باوجود استحکام کا مظاہرہ کیا۔ یہ حالات امریکہ۔ایران جنگ، تیل کی قیمتوں میں اضافہ، فریٹ اور انشورنس اخراجات میں بڑھوتری اور عالمی سطح پر رسک آف رجحان سے پیدا ہوئے۔

ایس ای سی پی نے مالی سال 26-2025 کی تیسری سہ ماہی کے لیے کیپٹل مارکیٹ کا سہ ماہی جائزہ رپورٹ جاری کی ہے، جس میں مارکیٹ کی کارکردگی، سرمایہ کاروں کی سرگرمی، ڈیٹ مارکیٹ، معاشی رجحانات، عالمی عوامل اور اہم اصلاحات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

رپورٹ کے مطابق جنگ کے ابتدائی دنوں میں برینٹ خام تیل کی قیمت میں 10 سے 13 فیصد اضافہ ہوا۔ امریکی سافٹ ویئر اسٹاکس میں تقریباً 23 فیصد کمی آئی۔ ایس اینڈ پی 500 میں 4.3 فیصد، ایم ایس سی آئی یورپ میں 3.2 فیصد، ایم ایس سی آئی ایشیا میں 1.1 فیصد جبکہ ایم ایس سی آئی ایمرجنگ مارکیٹس میں 0.1 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اس پس منظر میں پاکستان کا کے ایس ای 100 انڈیکس 14.54 فیصد کم ہوا۔ تاہم مقامی سرمایہ کاروں کی مضبوط شرکت، پرائمری مارکیٹ کی سرگرمی اور ریگولیٹری اصلاحات نے مارکیٹ کے اعتماد کو برقرار رکھا۔

کے ایس ای 100 انڈیکس سہ ماہی کے آغاز پر 174,054 پوائنٹس پر تھا۔ یہ 26 جنوری کو 191,033 کی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچا۔ بعد ازاں 31 مارچ کو 148,743 پوائنٹس پر بند ہوا۔ 19 مارچ کو اسکی کم ترین سطح 144,119 رہی، جو مجموعی طور پر 22.57 فیصد کمی کو ظاہر کرتی ہے۔ کے ایس ای آل شیئر انڈیکس میں 14.85 فیصد جبکہ کے ایس ای 30 میں 15.52 فیصد کمی آئی۔

جنوری میں مارکیٹ مضبوط رہی اور کے ایس ای 100 میں 5.81 فیصد اضافہ ہوا۔ فروری میں بڑھتی لاگت، جغرافیائی سیاسی خدشات اور منافع لینے کے رجحان کے باعث 3.75 فیصد کمی ہوئی۔ مارچ میں یہ کمی مزید بڑھ کر 11.50 فیصد ہو گئی۔

اس کمی کے باوجود مارکیٹ سرگرمی مضبوط رہی۔ مارکیٹ کیپٹلائزیشن 19.69 کھرب روپے سے کم ہو کر 16.53 کھرب روپے ہو گئی، یعنی 3.15 کھرب روپے کی کمی۔ مجموعی طور پر 48.8 ارب شیئرز کا کاروبار ہوا جبکہ لین دین کی مالیت 2.68 کھرب روپے رہی۔ یومیہ اوسط حجم 791.7 ملین شیئرز اور اوسط مالیت 44.03 ارب روپے رہی۔ فی سیشن تقریباً 485 کمپنیوں میں ٹریڈنگ ہوئی، جو وسیع شرکت کو ظاہر کرتی ہے۔

مقامی سرمایہ کاروں نے اہم کردار ادا کیا۔ غیر ملکی سرمایہ کاروں نے 111.61 ارب روپے کے شیئرز فروخت کیے جبکہ مقامی سرمایہ کاروں نے 111.55 ارب روپے کی خالص خریداری کی۔ کمپنیوں نے 73.51 ارب روپے، میوچل فنڈز نے 23.78 ارب روپے اور انفرادی سرمایہ کاروں نے 20.25 ارب روپے کی خریداری کی۔

ٹریڈنگ بڑی کمپنیوں تک محدود رہی۔ نیشنل بینک آف پاکستان 182.42 ارب روپے کے ساتھ سرفہرست رہا۔ اس کے بعد پاکستان پیٹرولیم، او جی ڈی سی، فوجی فرٹیلائزر اور حبیب بینک شامل رہے۔ حجم کے لحاظ سے کے الیکٹرک 4.64 ارب شیئرز کے ساتھ سرفہرست رہا۔

پرائمری مارکیٹ میں بھی سرگرمی جاری رہی۔ سہ ماہی کے دوران تین آئی پی اوز کی منظوری دی گئی۔ ڈیٹ مارکیٹ میں تین حکومتی اجارہ سکوک نیلامیاں ہوئیں جن کا ہدف 800 ارب روپے تھا۔ ان نیلامیوں میں 2.03 کھرب روپے کی بولیاں آئیں جبکہ حکومت نے 811.53 ارب روپے قبول کیے۔

ثانوی ڈیٹ مارکیٹ میں بھی سرگرمی رہی۔ 185.14 ارب روپے کے سکوک کا کاروبار 2,062 ٹرانزیکشنز میں ہوا۔ پی ایس ایکس کے بلز اینڈ بانڈز مارکیٹ میں 260.94 ارب روپے کی ٹریڈنگ ہوئی۔ اس کے علاوہ دو نجی سکوک بھی لسٹ کیے گئے۔

ایس ای سی پی کے مطابق یہ سہ ماہی انتہائی چیلنجنگ تھی، تاہم مارکیٹ نے دباؤ کے باوجود استحکام دکھایا۔ مقامی سرمایہ کاری، ڈیٹ مارکیٹ کی سرگرمی، آئی پی اوز اور اصلاحات نے مارکیٹ کو سہارا دیا۔ یہ عوامل پاکستان کیپٹل مارکیٹ میں طویل مدتی ترقی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کی نشاندہی کرتے ہیں۔